जानवर

جانور

اداکاران
شمی کپور۔ راج شری

قیمت دس نئے پیسے

رتن اینڈ کو پبلشرز دریبہ کلاں دہلی

گانے
جانور فلم کے

گانا نمبرا

لال چھڑی میدان کھڑی
کیا خوب لڑی کیا خوب لڑی
ہم دِل سے گئے ہم جاں سے گئے
بس آنکھ ملی اور بات بڑھی بات بڑھی
لال چھڑی ———

اِک دیکھے دیکھے دو نیناں
اُس شوخ سے آنکھ ملانا تھا
دِنی تھی قیامت کو دعوت
اِک آفت سے ٹکرانا تھا ٹکرانا تھا
مت پوچھو ہم پر کیا گزری
بجلی سی گری اور دِل پہ پڑی
ہم دِل سے ———

ہم کو بھی نہ جانے کیا سوجھی
جا پہنچے اُس کی ٹولی میں
ہر بات میں اُس کی تھا وہ اثر
جی نہیں مِنہ دو کی گولی میں گولی میں
اب کیا کیجے اب کیا ہو گا

ہر ایک گھڑی مشکل کی گھڑی
ہم دل سے ـــــ
بس آنکھ ملی ـــــ
تن تن کر ظالم نے اپنا
ہر تیر نشانے پر مارا
ہے شکر کہ اب تک زندہ ہوں
میں دل کا گھائل بیچارا بیچارا
اُسے دیکھ کے لال دوپٹے میں
میں نے نام دیا ہے لال چھڑی
ہم دل سے ـــــ
گانا نمبر ۲۔ او ۔ تم سے اچھا کون ہے
دل و جگر تو جان لو
ہم تمہارے ہیں صنم
تم ہمیں پہچان لو پہچان لو
میں ہوں وہ جھونکا مست ہوا کا
سنگ تمہارے چلتا رہوں گا
جب سے ہوئی ہے تم سے محبت
ملتا رہا ہوں ملتا رہوں گا
او ۔۔ تم سے اچھا ـــــ
سینے میں دل ہے دل میں تمہی ہو
تم میں ہماری چھوٹی سی جان ہے

تم ہو سلامت ہم کو نہیں غم
تم سے ہماری دُنیا جواں ہے
او.... تم سے....
مر کے بھی دیکھا مر نہ سکے ہم
دل کی لگی نے ہم کو بچایا
تیری نظر کا جادو ہے شاید
جس نے ہمیں پھر زندہ بنایا
او تم سے....

گانا نمبر۳ تیرے سنگ گا گُن گُنا کوئی گیت سہانا
مَیں بھی تمہاری دِل بھی تمہارا
سنگ ساتھ یُگ یُگ سے ہمارا
تیرے ہی قدموں میں سر میرا
میرے سنگ گا ــــ
شیشہ دل میں تیری صورتیا
دیکھوں رات دِن تیری مورتیا
تُو میرے پیار کا دیوتا
میرے سنگ گا ــــ
پہلی نظر میں اپنا بنایا
تم نے پیار میں جینا سکھایا
او صنم اب تیرا شکریہ
میرے سنگ گا....

گانا نمبر ۴۔ میری محبت جواں رہے گی
سدا رہی ہے سدا رہے گی
تڑپ تڑپ کر یہی کہے گی۔ سدا رہی۔
ناتم سا کوئی زمانے بھر میں ۔ اد
تمہی کو چاہا میری نظر نے
تمہیں چنا ہے تمہیں چُنے گی۔ سدا رہی۔
جو آگ دل میں لگی ہوئی ہے۔ اد
یہی تو منزل کی روشنی ہے
نہ یہ بجھی ہے نہ یہ بجھے گی۔ سدا رہی۔
تمہارے پہلو میں گر مرے ہم۔ اد
تو موت کتنی حسین ہو گی
چتا میں جل کر بھی نا مٹے گی۔ سدا رہی۔
گانا نمبر ۵۔ رات یوں دل میں تیری کھوئی ہوئی یاد آئی
جیسے ویرانے میں چپکے سے بہار آ جائے
جیسے صحراؤں میں ہولے سے چلے باد نسیم
جیسے بیمار کو بے وجہ قرار آ جائے
بجھا جو روزنے زندہ تو دل یہ سمجھا ہے
کہ تیری مانگ ستاروں سے بھر گئی ہو گی
چمک اٹھے ہے سلسلہ تو ہم نے جانا ہے
کہ اب سحر تیرے رخ پر بکھر گئی ہو گی
نہ گل کھلے ہیں نہ اُن سے ملے نہ مے پی ہے

عجب رنگ میں اب کے بہار گزری ہے
تم آئے ہو نہ شب انتظار گزری ہے
تلاش میں ہے سحر بار بار گزری ہے
نسیم تیرے شبستاں سے ہو کے آئی ہے
یہ میرے سحر میں مہک ہے تیرے بدن کی سی
جب تجھے یاد کر لیا صبح مہک مہک اٹھا
جب تیرا نام جگا لیا رات مچل مچل گئی
نہ جانے کس لئے امیدوار بیٹھا ہوں
اک ایسی راہ پہ جو تیری رہ گزر بھی نہیں
گانا نمبر ۱ دیکھو اب تو کس کو نہیں ہے خبر
تم سے ہے دل کو پیار
دم بھر کے ہمدم مل جاتے ہیں اکثر
اور جھوٹی قسمیں بھی کھاتے ہیں
پر کہاں جو گئے تم سے
تم سے ہے دل کو پیار
ہلچل ہیں ہم دونوں کی ہستی میں دل
چھائی ہے ہر سو گئی مستی میری جاں یہ کیسے
تم سے ہے ——
دنیا سے اب کیوں پیار چھپائیں ہم تم ر
بنتے ہیں افسانے بن جائیں یہ سماں پھر کیسے
تم سے ہے ——

کانا بھوے آنکھوں آنکھوں میں کبھی سے بات ہوئی
یہ دل ہی جانے جو دل کے ساتھ ہوئی
آنکھوں آنکھوں ——

تمام رات ستاروں سے بات کرتے رہے
کسی کی یاد میں رہ رہ کے آہ بھرتے رہے
یہ کیا ہوا ہے ہمیں کیسا روگ دل کا لگا
اسی خیال میں بس ڈوبتے ابھرتے رہے
آنکھوں آنکھوں ——

اس کی ہر بات میں جیسے نشہ شراب کا تھا
ذرا بھی پی نہ تھی لیکن مزا شراب کا تھا
خود اپنے بس میں نہ تھے ہم بہک رہے تھے قدم
نہ تھی شراب مگر سلسلہ شراب کا تھا
آنکھوں آنکھوں ——

اسی کی بات اسی کا ہے ذکر شام و سحر
نہ ہمکو دل کا پتہ ہے نہ دل کو اپنی خبر
چھپایا لاکھ مگر بات پھیلتی ہی گئی
لگی ہے آگ کہاں جانتا ہے سارا شہر
آنکھوں آنکھوں ——

ختم شد

عملیات تعویزات کی لاجواب کتابیں

عملیات تسخیر عالم ۔/۱/ 3	عملیات لٹی کرت ۔/۱/ ۲
عملیات تسخیر محبوب ۔/8/ ۱	اندرجال ۔/8/ ۱
عملیات قلوب ۔/۱/ ۲	استاد جادوگراں ۔/۱/ 3
مکمل جادوگری ۔/8/ ۲	جادو مسمریزم ۔/۱/ ۲
بین بنگال کا جادو ۔/۱۲/	کالا جادو ۔/۱/ ۱
کامروپ کا جادو ۔/۱۲/	الو تنتر ۔/۱/ 3
رہنما جادوگری ۔/۴/ ۱	کوا تنتر ۔/۱/ 4
نقش سلیمانی ۔/۱/ ۱	نقش روحانی ۔/۱۲/
تعویذ سلیمانی ۔/۱/ ۱	کنز الحسین ۔/۱/ ۲

اسلامی لٹریچر کی کتابیں

رکن الدین ۔/۱/ ۲	قیامت نامہ ۔/8/
قصص الانبیا ۔/۱/ 3	بہشتی زیور اول حصہ ۔/۱۲/
ہزار مسئلہ ۔/۱۲/	؍؍ ؍؍ مکمل ۔/۱/ 8
صبح کا ستارہ ۔/۱۲/	فسانہ آدم ۔/8/
شہید کربلا ۔/8/	ضرورت المسلمین ۔/6/
قصہ حضرت ایوب ۔/8/	صبر فاطمہ ۔/8/
معراج رسول ۔/8/	نماز کا بھید ۔/3/

ملنے کا پتہ: ... ببلشرز ... دہلی